بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۶ء

اردو (آسان) (پرچہ اوّل)

کل نشانات: ۸۰ (تمام گروپس کے لیے) وقت : ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

حصّہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات) (نشانات : ۴۰)

۲۔ (الف) تشریح کردہ اقتباس کے سبق کا نام اور مصنف کا نام تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح کیجیے: ۸

i) دفعتاً ہوا بند ہوئی۔ ابر سا گھر آیا۔ دنیا دھواں دھار ہوگئی۔ پھر سفید غبار سا برستا ہوا معلوم ہوا۔ تھوڑی دیر بعد دیکھا تو زمین پر، دیواروں اور منڈیروں پر کوئی سفید سفید آٹا چھڑک گیا۔ غرض کہ ایک جھکولا برف کا اور پڑا۔

ii) کہو صاحب! آج اجازت ہے میر مہدی کے خط کا جواب لکھنے کی؟ حضور میں منع کرتا ہوں؟ میں نے تو یہ عرض کیا تھا کہ اب وہ تن درست ہو گئے ہیں۔ بخار جاتا رہا۔ صرف پیچش باقی ہے۔ وہ بھی رفع ہو جائے گی۔

iii) فقیر بولا: صاحب عالم! ناراض نہ ہوں۔ شکار ایسے جانوروں کا کرنا چاہیے کہ ایک جان جائے تو دس پانچ جانوں کا پیٹ تو بھرے۔ ان ننھی چڑیوں کے مارنے سے کیا نتیجہ۔ بیس مارو گے تب بھی ایک آدمی کا شکم سیر نہ ہوگا۔

۳۔ (الف) تشریح کردہ جز و کی نظم اور شاعر کا نام تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:۔ ۸

(i)
تم اگر چاہتے ہو ملک کی خیر
نہ کسی ہم وطن کو سمجھو غیر
ملک ہیں اتفاق سے آزاد
شہر ہیں اتفاق سے آباد
قوم جب اتفاق کھو بیٹھی
اپنی پونجی سے ہاتھ دھو بیٹھی

(ii)
چراغ ایسے روشن جو بن تیل ہیں
یہ تیری ہی قدرت کے سب کھیل ہیں
یہ لعل و گہر ہیں جو بکھرے پڑے
زمیں سے بھی ان میں ہیں اکثر بڑے
نظر میں جو اتنے سے آتے ہیں یہ
بہت دور چکّر لگاتے ہیں یہ

(iii)
یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی
چلّا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اور سُن کے دوڑتا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی

۴۔ (الف) مندرجہ ذیل محاورات میں سے کسی پانچ کے جملے بنایئے:۔ ۱۰

☆ آگ بگولا ہونا ☆ جاں بحق ہونا ☆ ٹوٹ پڑنا ☆ شکم سیر ہونا
☆ دل جلانا ☆ سبز باغ دکھانا ☆ سر کرنا ☆ زیروزبر کرنا

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کے واحد یا جمع بنایئے:۔ ۵

☆ علم ☆ دفتر ☆ اخبار ☆ شعر ☆ القاب
☆ فنون ☆ فرد ☆ صفات ☆ خط ☆ علما

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کے متضاد بنایئے:۔ ۵

☆ توانا ☆ قلّت ☆ مخالفت ☆ رہائی
☆ بیگانہ ☆ ذلّت ☆ انصاف ☆ نافرمانی

حصّہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات) (نشانات : ۴۰)

۵۔ (الف) نظم کے شاعر کا نام اور مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کیجیے:۔ ۸

(i) حبِ وطن (ii) آدمی نامہ (iii) مردِ مجاہد

۶۔ (الف) سبق کے مصنف کا نام اور مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے:۔ ۸

(i) جیسی کرنی ویسی بھرنی (ii) اجِ اکبر (iii) نصوح کا خواب

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے:۔ ۱۰

(i) قومی زبان اردو کی اہمیت (ii) فضول خرچی کے نقصانات (iii) بزرگوں کا ادب کریں (iv) میرا پسندیدہ کھیل

۸۔ بجلی کے محکمے کے افسر اعلیٰ کو خط لکھ کر اپنے علاقے میں بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ کی جانب توجہ دلائیں۔ ۱۰

یا

کسی اخبار کے مدیر کے نام مراسلہ تحریر کیجیے اور معاشرے میں تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان پر اپنی تشویش کا اظہار کریں۔

----------XXXXXX----------

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۶ء

اردو (آسان) (پرچہ اوّل)

کل نشانات: ۲۰ (تمام گروپس کے لیے) وقت: ۲۰ منٹ

حصہ 'الف' (کثیر الانتخابی سوالات) (نشانات: ۲۰)

نوٹ: (i) اس حصہ میں ۲۰ جزوی سوالات ہیں۔ تمام جزوی سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔
(ii) سوال یا اس کا جز و امتحانی کاپی میں نقل مت کیجیے۔ سوال کے اصل نمبر اور جزو کے سامنے صرف مکمل جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے:۔

1) جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی جائے اسے کہتے ہیں:
☆ قصیدہ ☆ حمد ☆ غزل ☆ نعت

2) نصاب میں شامل غالب کا خط ان کے نام لکھا گیا ہے:
☆ میر مہدی مجروح ☆ میرن صاحب ☆ میر سرفراز حسین ☆ میر نصیر الدین

3) اردو کے پہلے قومی شاعر ہیں:
☆ علامہ اقبال ☆ مرزا غالب ☆ حفیظ جالندھری ☆ مولانا الطاف حسین حالی

4) سبق 'جیسی کرنی ویسی بھرنی' اس کتاب سے لیا گیا ہے:
☆ یادگارِ غالب ☆ غدرِ دہلی کے افسانے ☆ چند ہم عصر ☆ بیگمات کے آنسو

5) دنیا میں پادشہ ہے، سو ہے وہ بھی آدمی، اس نظم سے لیا گیا ہے:
☆ حب وطن ☆ آسمان اور تارے ☆ آدمی نامہ ☆ آمد بہار

6) نظم 'آسمان اور تارے' میں 'لعل و گہر' کہا گیا ہے:
☆ آسمان کو ☆ زمین کو ☆ سورج کو ☆ ستاروں کو

7) یہ ۱۸۷۷ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳۸ء میں فوت ہوئے:
☆ خواجہ حسن نظامی ☆ علامہ اقبال ☆ مولوی عبدالحق ☆ مولانا الطاف حسین حالی

8) رباعی میں مصرعے ہوتے ہیں:
☆ پانچ ☆ تین ☆ چار ☆ دو

9) سبق 'ایک وصیت کی تعمیل' میں ذکر ہے:
☆ مرزا فرحت اللہ بیگ کا ☆ مولوی وحید الدین سلیم کا ☆ سرسید احمد خان کا ☆ علامہ اقبال کا

10) مغل بادشاہوں نے جنوبی ایشیا پر حکومت کی:
☆ تین سو سال ☆ دو سو سال ☆ ہزار سال ☆ سات سو سال

11) اردو کی آخری کتاب مضمون ہے:
☆ مزاحیہ ☆ سنجیدہ ☆ تحقیقی ☆ مذہبی

12) کلکتے سے انگریزی اخبار 'کامریڈ' انھوں نے جاری کیا:
☆ مولانا الطاف حسین حالی ☆ مولانا محمد علی جوہر ☆ مولوی عبدالحق ☆ سرسید احمد خان

13) ایک چیز کو دوسری چیز کی طرح کہنے کو کہتے ہیں:
☆ ضرب المثل ☆ محاورہ ☆ تشبیہ ☆ استعارہ

14) 'بابائے اردو' انھیں کہا جاتا ہے:
☆ مولوی عبدالحق ☆ علامہ اقبال ☆ مرزا غالب ☆ سرسید احمد خان

15) نظم میں 'رفیقِ نبوت' انھیں کہا جاتا ہے:
☆ حضرت عمرؓ ☆ حضرت ابوبکرؓ ☆ حضرت عثمانؓ ☆ حضرت علیؓ

16) ہجرت کے بعد 'یثرب' کا نام بدل کر ہوگیا:
☆ مدینہ ☆ مکہ ☆ ریاض ☆ طائف

17) 'اردو' اس زبان کا لفظ ہے:
☆ عربی ☆ فارسی ☆ ہندی ☆ ترکی

18) علی گڑھ کالج انھوں نے قائم کیا:
☆ علامہ اقبال ☆ سرسید احمد خان ☆ مولانا الطاف حسین حالی ☆ مولوی عبدالحق

19) سیرت نگار کی حیثیت سے مشہور ہیں:
☆ مرزا فرحت اللہ بیگ ☆ مولوی محمد حسین آزاد ☆ سید سلیمان ندوی ☆ پطرس بخاری

20) آپ سیشن جج کے عہدے سے ریٹائر ہوئے:
☆ علامہ شبلی نعمانی ☆ مولانا الطاف حسین حالی ☆ علامہ اقبال ☆ اکبر الہ آبادی

---------XXXXXX--------